| 36 | ربیعہ انعم | محمد نصر اللہ صاحب | دارالعلوم جنوبی احد | ربوہ | لجنہ |
| 37 | ملیحہ قادر | غلام قادر صاحب | دارالعلوم جنوبی احد | ربوہ | لجنہ |
| 38 | شاہین بشارت | بشارت احمد خان صاحب | باب الابواب شرقی | ربوہ | لجنہ |
| 39 | رضیہ ظفر | رانا ظفر اللہ خان صاحب | باب الابواب شرقی | ربوہ | لجنہ |
| 40 | طوبیٰ احمد | نعیم بشارت صاحب | دارالنصر غربی منعم | ربوہ | لجنہ |
| 41 | ساجدہ انوار | انوار الحق صاحب | دارالنصر غربی منعم | ربوہ | لجنہ |
| 42 | شاہدہ اسماعیل | میاں محمد اسماعیل صاحب | دارالصدر شرقی طاہر | ربوہ | لجنہ |
| 43 | فرحت جہاں | خدا بخش ناصر صاحب | طاہر آباد جنوبی | ربوہ | لجنہ |
| 44 | راجہ خلیل احمد | شاہسوار صاحب | کھاریاں | گجرات | انصار |
| 45 | چوہدری ناصر احمد گوندل | چوہدری عبدالواحد صاحب | النور سوسائٹی | کراچی | انصار |
| 46 | سمیرا خالد | خالد بلال احمد صاحب | دارالصدر شمالی ہدیٰ | ربوہ | لجنہ |
| 47 | ماریہ ریاست | ریاست احمد گوندل صاحب | دارالنصر وسطی | ربوہ | لجنہ |
| 48 | سیدہ بشریٰ اسد | سید اسد احمد شاہ صاحب | کوارٹرز صدر انجمن احمدیہ | ربوہ | لجنہ |
| 49 | ارشاد احمد ورک | چوہدری محمد خان صاحب | گلشن راوی | لاہور | انصار |
| 50 | غفور احمد | عنایت اللہ صاحب | دارالنور | فیصل آباد | انصار |
| 51 | نصیرہ عزیز طاہر | پروفیسر عزیز احمد طاہر صاحب | ناصر آباد شرقی | ربوہ | لجنہ |
| 52 | شمائلہ احسن | محمد احسن صاحب | دستگیر عزیز آباد | کراچی | لجنہ |
| 53 | چوہدری عبدالمجید | چوہدری مختار احمد صاحب | گلگشت کالونی | ملتان | انصار |
| 54 | نگہت فردوس | عبدالسلام صاحب | دارالفتوح شرقی | ربوہ | لجنہ |
| 55 | اسد اللہ غالب | عنایت اللہ خالد صاحب | کوارٹرز صدر انجمن احمدیہ | ربوہ | خدام |
| 56 | رفیع احمد طاہر | مقبول احمد صاحب | سانگلہ ہل ننکانہ صاحب | شیخوپورہ | انصار |
| 57 | منصور احمد لکھنوی | ڈاکٹر وارث علی صاحب | گلشن اقبال شرقی | کراچی | انصار |
| 58 | ناصر احمد طاہر | مظفر احمد صاحب | منظور کالونی | کراچی | انصار |
| 59 | لطیف رحمٰن | عبدالرحمٰن صاحب | پنجاب سوسائٹی | لاہور | انصار |
| 60 | نازیہ فیصل | نواز عبدالفیصل صاحب | واپڈا ٹاؤن | لاہور | لجنہ |
| 61 | سعید احمد جاوید | عبدالحئی صاحب | ریلوے لائنز | راولپنڈی | خدام |
| 62 | محمد عبدالرؤف ریحان | محمد عبدالوہاب صاحب | مجلس فضل | اسلام آباد | خدام |
| 63 | وزیر محمد | غلام محمد صاحب | دارالنصر شرقی نور | ربوہ | انصار |
| 64 | نعمت اللہ جاوید | غلام احمد صاحب | چک نمبر 98 شمالی | سرگودھا | انصار |
| 65 | انجینئر طاہر احمد | محمد سعید صاحب | شوگر ملز مردان | پشاور | انصار |
| 66 | فوزیہ سباط | عبدالسلام خالد صاحب | کھاریاں | گجرات | لجنہ |
| 67 | سعدیہ انور | محمد انور صاحب | ماڈل ٹاؤن ہمک | اسلام آباد | لجنہ |
| 68 | چوہدری ناصر جاوید ہنجراء | محمد خاں صاحب | پریم کوٹ | حافظ آباد | انصار |
| 69 | ہبۃ اللہ کاہلوں | چوہدری عنایت اللہ کاہلوں صاحب | محمود آباد | کراچی | انصار |
| 70 | حفیظ الرحمٰن منصور سنوری | جمیل الرحمٰن خلیل سنوری صاحب | شہر | چنیوٹ | انصار |
| 71 | سلمیٰ شاہد خلیل | شاہد خلیل صاحب | مارگلہ ٹاؤن | اسلام آباد | لجنہ |
| 72 | خدیجہ اظہر | اظہر احمد بزمی صاحب | ائرپورٹ روڈ | سکردو | لجنہ |
| 73 | ڈاکٹر غضنفر احمد سلیم | چوہدری حاتم علی صاحب | سرائے عالمگیر | جہلم | انصار |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 74 | ظہور احمد پال | محمد گلزار پال صاحب | رچنا ٹاؤن | لاہور | انصار |
| 75 | آمنہ اعوان | مدثر فرحان صاحب | چکلالہ | راولپنڈی | لجنہ |
| 76 | انیسہ قدیر | طارق قدیر صاحب | النور | راولپنڈی | لجنہ |
| 77 | سیدہ رضوانہ بخاری | سید زاہد بخاری صاحب | بیت النور | لاہور | لجنہ |
| 78 | میاں مجیدالرحمٰن حمید | میاں نذیر احمد صاحب | فیصل ٹاؤن | لاہور | انصار |
| 79 | فائزہ منور | میاں منور احمد صاحب | برجی والا | جھنگ | لجنہ |
| 80 | آصفہ ریاض | ریاض احمد صاحب | بشیر آباد | حیدرآباد | لجنہ |
| 81 | غزالہ فیاض | فیاض احمد صاحب | واہ کینٹ | راولپنڈی | لجنہ |

☆ تمام احباب وخواتین جنہوں نے پرچے حل کر کے بھجوائے ہیں ان کو چند روز تک اسناد بھجوا دی جائیں گی وہ اپنے حلقہ کے مربی صاحب سے حاصل کر لیں۔ مرکز سے رابطہ کی ضرورت ہوتو فون 047-6212220 اورموبائل 03426922533 پر رابطہ کیا جا سکتا ہے۔نظارت کا ای۔میل nazarat.markazia@saapk.org ہے۔

حضرت مسیح موعود کی یہ بھی خواہش تھی کہ

"سب دوستوں کے واسطے ضروری ہے کہ ہماری کتب کم ازکم ایک دفعہ ضرور پڑھ لیا کریں۔"

یہ حضرت مسیح موعود کی خواہش ہی نہیں بلکہ آپ نے تاکید کی ہے اور کتب کو پڑھنا ضروری قرار دیا ہے۔اس لئے سب احباب کتب حضرت مسیح موعود کا مطالعہ ہرروزہ معمول بنالیں۔

امسال 13-2012ء میں مطالعہ کے لئے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے روحانی خزائن جلد 20 کی منظوری عنایت فرمائی ہے۔اس جلد کے مطالعہ اورامتحانات کی سکیم مؤرخہ 24/اپریل 2012ء کی الفضل میں شائع ہوچکی ہے۔اس جلد میں حضرت مسیح موعود کی درج ذیل کتب شامل ہیں۔

1۔تذکرۃ الشہادتین، 2۔سیرت الابدال، 3۔لیکچر لاہور، 4۔اسلام (لیکچر سیالکوٹ)، 5۔لیکچر لدھیانہ، 6۔الوصیت، 7۔چشمۂ مسیحی، 8۔تجلیات الٰہیہ، 9۔قادیان کے آریہ اور ہم، 10۔احمدی اور غیر احمدی میں کیا فرق ہے؟

احباب جماعت سے اس جلد کے مطالعہ کی درخواست ہے امید ہے آپ حسب سابق مطالعہ کریں گے اور پھر اس کے امتحانات میں بھی شامل ہوں گے۔

مکرم رانا مبارک احمد صاحب

## ایک دعا گو بزرگ

# مکرم بشیر احمد صدیقی صاحب کا ذکر خیر

دعاؤں سے لبریز بزرگ مکرم بشیر احمد صدیقی صاحب حلقہ جوہر ٹاؤن لاہور ہم سب کو سوگوار چھوڑ کر مورخہ 13 نومبر 2011ء کو اپنے مولائے حقیقی سے جاملے۔آپ کی عمر 76 سال تھی۔آپ حضرت حکیم محمد صدیق صاحب آف قادیان رفیق حضرت مسیح موعود کے بیٹے تھے۔ آپ کے دادا جان حضرت عبدالخالق صاحب رفیق حضرت مسیح موعود تھے آپ کی والدہ محترمہ رابعہ بیگم صاحبہ تھیں ایک طویل عرصہ وہ خاکسار کے حلقہ علامہ اقبال ٹاؤن لاہور میں خدمت دین کرتے رہے۔

مکرم بشیر احمد صدیقی صاحب بہت سی خوبیوں کے مالک تھے۔ آپ نہایت زیرک، معاملہ فہم، صاف گو، محنتی، سلسلہ احمدیہ کے ساتھ بے حد مخلص، محبت کرنے والے اور پُر جوش داعی الی اللہ تھے۔ آپ نے 76 سالہ بھرپور زندگی گزاری۔ آپ غریبوں کا بے حد خیال رکھتے اور ان کی مالی امداد کرتے رہتے تھے۔ اپنے گھر کے ملازمین کو اپنے بچوں کی طرح پیار کرتے ان کی شادیاں بھی کروائیں۔ رمضان المبارک میں ملازمین کے لئے افطاری اور کھانے کا اہتمام فرماتے۔ عید کے موقعہ پر عیدی اور پارچہ جات عنایت فرماتے صلہ رحمی کرتے۔ اقربا کو مل کر بہت خوش ہوتے اگر پتہ چلتا کہ دوست یا عزیز کی کسی کے ساتھ ناراضگی ہے تو ان کے درمیان رنجش دور کرنے کی پوری سعی کرتے۔ جب اقبال ٹاؤن سے رخصت ہونے لگے تو کئی دوستوں کو چٹھیاں لکھیں۔ جن میں کسی بھی غلطی کی معافی مانگی۔ تمام زندگی جماعت کے ذیلی تنظیموں کے مختلف عہدوں پر خدمت سرانجام دیتے رہے اور ہمیشہ یہ نظم سامنے رکھتے۔

خدمت دین کو اک فضل الٰہی جانو<br>
اس کے بدلہ میں کبھی طالب انعام نہ ہو

حلقہ علامہ اقبال ٹاؤن میں وہ امام الصلوٰۃ اور سیکرٹری تعلیم القرآن حلقہ رہے اور زعیم حلقہ مجلس انصاراللہ کے فرائض ادا کرتے رہے اور دیگر کاموں کے علاوہ بے شمار میڈیکل کیمپ بھی لگائے۔

آپ نے چھوٹی عمر میں قرآن کریم کا پہلا دور مکمل کر لیا تھا اور بھیرہ کے سکول سے میٹرک کیا۔ یونین کونسل میں سیکرٹری رہے۔ کیمبل پور چک جھمرہ فیصل آباد سروس میں رہے۔ آپ موصی تھے۔ چندہ جات میں نمایاں مقام رکھتے تھے تحریک جدید اور وقف جدید میں اپنے وعدے اور ٹارگٹ سے زیادہ ادائیگی کرتے رہے کوئی بھی ایسی تحریک نہیں تھی جس میں آپ نے بڑھ چڑھ کر حصہ نہ لیا ہو۔ الفضل پڑھے بغیر ناشتہ نہ کرتے تھے۔ آپ ہومیو پیتھک ڈاکٹر بھی تھے۔ سب کا فری علاج کرتے رہے اور دوائی فری دیتے تھے بعد میں ان کے لئے دعا بھی کرتے اپنی ہر تکلیف کے لئے خلیفۃ المسیح کی خدمت میں دعا کا خط لکھتے۔ اللہ تعالیٰ فضل کرتا اور شفا ہوجاتی۔ جماعت کا کوئی بھی اجلاس ہو اس میں ضرور شرکت کرتے۔ خاکسار (صدر حلقہ) کے ساتھ انہوں نے مکمل تعاون کیا اور اطاعت کا مظاہرہ کرتے رہے۔ اپنے شعبہ کا مکمل ریکارڈ رکھتے۔ نہ صرف خود وقف عارضی میں حصہ لیتے بلکہ دوسرے احباب جماعت سے وقف عارضی کرواتے۔ احمدی مرد و زن کو قرآن مجید ناظرہ پڑھنے اور ترجمہ سیکھنے اور حتی المقدور قرآن مجید کے حقائق و معارف سیکھنے کی ترغیب دلاتے۔ آپ اپنی زندگی میں قادیان، ربوہ اور لندن جلسہ سالانہ پر جاتے رہے۔ آپ نے چار خلفاء کے سنہرے دور دیکھے۔ سب کی آواز پر لبیک کہا۔

آپ کی شادی 9 نومبر 1958ء کو محترمہ فہمیدہ بیگم صاحبہ دختر مکرم فضل کریم صاحب سے ہوئی۔ آپ ایک مثالی شوہر تھے اور اپنی بیگم کا بڑا احترام کرتے تھے۔ گھر میں بھی چھوٹے موٹے کام کر لیتے تھے مہمان نواز بھی تھے اس طرح آپ کے چار بھائی اور ایک بہن ہیں جو کہ سب ہی سلسلہ کی خدمت کرنے والے ہیں۔ آپ کے والد مکرم محمد صدیق صاحب نے 1980ء میں وفات پائی اور بہشتی مقبرہ ربوہ میں دفن ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے آپ کو چھ بیٹوں سے نوازا۔ ان میں سے ایک بیٹے مکرم شکیل احمد صدیقی صاحب کو وقف زندگی کے لئے پیش کر دیا۔ جو بورکینا فاسو میں بیماری سے شہید ہو گیا۔ مکرم بشیر احمد صدیقی صاحب کو بھی حضرت خلیفۃ المسیح ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے خط کے ذریعے ارشاد فرمایا۔

"آپ کے پیارے بیٹے اور ہمارے (مربی) بھائی کی چھوٹی عمر میں اور اچانک وفات کا بڑا دکھ اور صدمہ ہوا۔ بڑھاپے میں جوان اولاد کا صدمہ ناقابل برداشت ہوتا ہے۔ لیکن ہم اپنے خدا کے حکم کے مطابق یہی کہتے ہیں۔ انا للّٰہ............۔"

اللہ تعالیٰ آپ کو اور آپ کی اہلیہ کو صبر اور حوصلہ سے یہ صدمہ برداشت کرنے کی توفیق دے یہ بڑا اعزاز پانے والا بچہ تھا جو مجاہد بھی تھا، نمازی بھی تھا اور شہید بھی ہے۔ وہ یقیناً ان لوگوں میں سے تھا جو جان کی بازی لگا دیتے ہیں۔ لیکن قول کو پورا کر کے چھوڑتے ہیں وہ یقیناً ان لوگوں میں سے تھا جن کے بارے میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے کہ ان کو مردہ نہ کہو وہ زندہ ہیں ان کا نام زندہ ہے۔ اس عزیز بچے اور بھائی کی شادی پر بھی میں شامل ہوا تھا۔ ابھی تک نظروں کے سامنے وہ معصوم سا چہرہ پھر رہا ہے۔ پھر مختلف اوقات میں ملاقات ہوتی رہی۔ ہمیشہ اسے اخلاص و وفا کا نمونہ پایا۔ پھر گزشتہ سال میں بورکینا فاسو کے دورے پر گیا ہوں۔ تو وہاں اپنی اہلیہ کی بیماری اور بچے کے ضائع ہو جانے کے باوجود جس اخلاص اور لگن سے اسے ہمہ وقت خدمت سلسلہ اور دورے کے انتظامات میں مصروف دیکھا اس سے اور زیادہ تعلق بڑھا۔ اللہ تعالیٰ کروٹ کروٹ اسے جنت نصیب کرے۔ آمین

اللہ تعالیٰ کے فضل سے حضور انور کی دعاؤں سے یہ صدمہ آپ نے آپ کی اہلیہ محترمہ اور بھائیوں نے برداشت کیا۔

ان کے بیٹے مکرم مبارک احمد صدیقی صاحب کے دو ویزے لگے ہوئے تھے ایک یوکے کا اور دوسرا امریکہ کا وہ امریکہ جانا چاہتے تھے۔ لیکن آپ نے پسند نہ فرمایا۔ بلکہ یہ کہا کہ تم صرف یوکے جاؤ اور وہاں جا کر سلسلہ کی خدمت کرو۔

چنانچہ ان کے بیٹے مبارک احمد صدیقی صاحب یوکے چلے گئے اور آج وہ ایم ٹی اے اور دیگر شعبہ جات میں خدمت کر رہے ہیں۔ ان کے بیٹے حافظ نعیم احمد صدیقی صاحب ایک طویل عرصہ حلقہ علامہ اقبال ٹاؤن میں تراویح پڑھاتے رہے۔

آپ ایک لمبا عرصہ بیماری کا صبر و شکر کے ساتھ مقابلہ کرتے رہے آخر مورخہ 13/نومبر 2011ء کو اللہ تعالیٰ کو پیارے ہو گئے۔ اللہ تعالیٰ ان کو جنت الفردوس میں اعلیٰ ترین مقام عطا فرمائے۔ ان کی اولاد در اولاد کو ان کے اوصاف حمیدہ سے زیادہ سے زیادہ حصہ عطا فرمائے۔ ان کی بیگم بچوں اور ان کے بھائیوں و دیگر عزیز و اقارب کو اس صدمہ کو صبر کے ساتھ برداشت کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

# اطلاعات و اعلانات

**نوٹ: اعلانات صدر/امیر صاحب حلقہ کی تصدیق کے ساتھ آنا ضروری ہیں۔**

## درخواست دعا

۞ مکرم فیض الحق صاحب شمالی چھاؤنی لاہور تحریر کرتے ہیں۔

خاکسار کے والد محترم ملک انوار الحق صاحب 28 مئی 2010ء کو سانحہ لاہور دارالذکر میں زخمی ہوئے تھے۔ان کو بائیں جانب فالج کا حملہ بھی ہوا ہے۔احباب جماعت سے درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ موصوف کو محض اپنے فضل وکرم سے شفاء کاملہ وعاجلہ عطا فرمائے اور ہر قسم کی پیچیدگیوں سے محفوظ رکھے۔آمین

۞ مکرم محمد حیدر گھمن صاحب دارالنصر غربی منعم ربوہ تحریر کرتے ہیں کہ مکرم انوار احمد باجوہ صاحب آف رحیم یار خان جگر کے عارضہ میں صادق ہسپتال سرگودھا میں زیر علاج ہیں۔احباب کرام سے دعا کی درخواست ہے اللہ تعالیٰ ان کو صحت کاملہ وعاجلہ عطا فرمائے۔آمین

## ولادت

۞ مکرم محمد اکرم صاحب نصیر آباد غالب ربوہ تحریر کرتے ہیں۔

میرے بیٹے مکرم وسیم احمد بابر صاحب کارکن روزنامہ الفضل کو اللہ تعالیٰ نے محض اپنے فضل سے مورخہ 16 مئی 2012ء کو پہلے بیٹے سے نوازا ہے۔سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے نومولود کو عدیل احمد نام عطا فرمایا ہے اور از راہ شفقت تحریک وقف نو میں بھی قبول فرمایا ہے۔نومولود مکرم عبدالغفور صاحب آف لیہ کا نواسہ ہے۔احباب سے درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ نومولود کو نیک، صالح، خادم دین، خلافت احمدیہ سے محبت کرنے والا اور والدین کی آنکھوں کی ٹھنڈک بنائے۔آمین

## سانحہ ارتحال

۞ مکرم عبدالرشید احمد صاحب کارکن نظارت علیاء ربوہ تحریر کرتے ہیں۔

میری پیاری والدہ محترمہ بشریٰ سلام صاحبہ اہلیہ مکرم چوہدری عبدالسلام صاحب سابق باڈی گارڈ حضرت مصلح موعود و حضرت خلیفۃ المسیح الثالث تقریباً ایک سال تین ماہ بیمار رہنے کے بعد مورخہ 13 مئی 2012ء کو بعمر 74 سال طاہر ہارٹ انسٹیٹیوٹ ربوہ میں بقضائے الٰہی وفات پا گئیں۔مرحومہ خدا تعالیٰ کے فضل سے موصیہ تھیں ان کی نماز جنازہ مورخہ 14 مئی 2012ء کو بعد از نماز ظہر بیت المبارک ربوہ میں محترم صاحبزادہ مرزا خورشید احمد صاحب ناظر اعلیٰ وامیر مقامی نے پڑھائی۔بہشتی مقبرہ میں تدفین کے بعد محترم صاحبزادہ صاحب موصوف نے ہی دعا کروائی۔

مرحومہ محترم چوہدری غلام اللہ خاں صاحب آف کاٹھگڑھ کی بیٹی، حضرت چوہدری غلام محمد صاحب آف کاٹھگڑھ رفیق حضرت مسیح موعود کی بڑی پوتی اور محترم چوہدری محمد عثمان خاں صاحب سیکرٹری جماعت احمدیہ اہرانہ خورد تحصیل وضلع ہوشیار پور کی بہو تھیں۔ پسماندگان میں آپ نے 5 بیٹے اور 2 بیٹیاں چھوڑی ہیں۔جن میں مکرمہ ناصرہ منور صاحبہ اہلیہ مکرم رانا منور احمد خاں صاحب، خاکسار، مکرم عبدالحفیظ شاہد صاحب مربی سلسلہ وکالت اشاعت لندن، مکرم محمد محمود ثانی صاحب، مکرمہ امۃ القیوم صاحبہ اہلیہ مکرم حفیظ احمد رانا صاحب اوسنا بروک جرمنی، مکرم عبدالقدوس صاحب جرمنی، مکرم عبداللطیف منصور صاحب شامل ہیں۔مرحومہ کی زندگی میں ایک بیٹا نوعمری میں وفات پا گیا تھا۔آپ کے سب سے بڑے بیٹے مکرم عبدالحمید اسلم صاحب آف جرمنی اکتوبر 1995ء میں 37 سال کی عمر میں چند دن بیمار رہنے کے بعد وفات پا گئے۔اس کے آٹھ ماہ بعد آپ کے خاوند جون 1996ء میں وفات پا گئے۔یہ سب صدمات آپ نے بڑے صبر اور حوصلہ سے برداشت کئے اور خدا تعالیٰ کی رضا پر راضی رہیں۔

مرحومہ صدقہ وخیرات کرنے والی، دعا گو، نمازی قرآن سے بے حد محبت کرنے والی تھیں۔تمام عمر اپنے تمام رشتہ داروں سے مثالی تعلق رکھا۔ہر کسی کا خیال ہے کہ ان کا میرے ساتھ زیادہ تعلق تھا۔حلقہ بیت مبارک میں کوارٹرز عملہ حفاظت میں 17 سال سے زیادہ عرصہ مقیم رہیں۔ہر حال میں اپنے خاوند کی ممد ومددگار رہیں۔ڈیوٹی کے سلسلہ میں خاوند کی غیر موجودگی میں بچوں کی احسن رنگ میں تربیت کی اور خلافت کے ساتھ ایک گہرا تعلق قائم کیا۔مرحومہ 1957ء میں بیاہ کر ربوہ آئیں اور پھر تمام عمر ربوہ میں ہی خدمت کرتے ہوئے گزار دی۔ربوہ کے ابتدائی باسیوں کی طرح ان میں اخلاص اور محبت نمایاں تھی۔آپ کو جلسہ سالانہ ربوہ، سالانہ اجتماع لجنہ اماء اللہ مرکزیہ اور فضل عمر درس القرآن کلاس میں بہت عرصہ خدمت کی توفیق ملی۔ ربوہ میں ہونے والے آخری تین سالانہ جلسوں میں بطور منتظمہ صفائی کی ڈیوٹی سرانجام دینے کی توفیق ملی۔ بہت اخلاص اور وفا کے ساتھ اپنی ڈیوٹی کو ادا کرتیں۔اس کے علاوہ محلّہ دارالصدر شرقی میں بطور سیکرٹری خدمت خلق اور سیکرٹری مصباح کے طور پر بھی خدمت کی توفیق ملی۔خاندان حضرت مسیح موعود کی مستورات کے ساتھ ایک ذاتی تعلق تھا اور ان بزرگ ہستیوں کے ساتھ کام کرنے میں فخر محسوس کرتی تھیں۔آپ کو سلائی کڑھائی کے کام کا خوب تجربہ تھا۔دوران تعلیم لاہور میں محترمہ فاطمہ جناح صاحبہ سے تعریفی سرٹیفکیٹ بھی وصول کیا۔بچیوں اور بڑی عمر کی عورتوں کو سویٹر کے نمونے چند منٹوں میں سکھا دیتی تھیں۔ 1971ء کی جنگ کے دوران لجنہ اماء اللہ کے تحت تیار کی جانے والی صدریاں سینے کا بھی موقعہ ملا۔مسلسل کئی دن رات تک لجنہ کے اس کام کو سرانجام دیا۔مہمان نوازی کا نمایاں وصف تھا۔ہر آنے والے مہمان کی خوش دلی سے خدمت کرتی بعض اوقات تنگی میں بھی بڑی حکمت کے ساتھ مختلف کھانے تیار کر لیتی اور تھوڑی رقم میں بہت زیادہ مہمانوں کی خدمت کی توفیق پاتیں۔جلسہ سالانہ کے دنوں میں مہمانوں کی ایک بڑی تعداد جو حلقہ بیت مبارک میں قیام کرنا پسند کرتے خوش دلی سے ان کو اپنے گھر میں قیام کرنے کی دعوت دیتیں اور ان کی ہر طرح سے خدمت کر کے خوشی محسوس کرتیں۔بعض مہمانوں کی ہفتوں یا مہینوں تک بھی خدمت کرتی رہیں۔لیکن کبھی ماتھے پر شکن نہیں آئی اور زبان پر ہمیشہ شکر گزاری کے کلمات رہے۔سب کے غم وخوشی میں شریک ہوتیں۔ احباب سے درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کے درجات بلند فرمائے۔اپنے پیاروں کے قدموں میں جگہ دے اور اعلیٰ علیین میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے ان کی اعلیٰ نیکیوں کو اللہ تعالیٰ ان کی اولاد میں قائم رکھے۔

## دورہ نمائندہ مینیجر روزنامہ الفضل

۞ مکرم منور احمد ججہ صاحب نمائندہ مینیجر روزنامہ الفضل آجکل توسیع اشاعت، وصولی واجبات اور اشتہارات کے حصول کیلئے کراچی کے دورہ پر ہیں۔ احباب جماعت وارا کین عاملہ، مربیان کرام اور صدران جماعت سے خصوصی تعاون کی درخواست ہے۔

۞ مکرم محمد احمد مظفر علوی صاحب نمائندہ مینیجر روزنامہ الفضل آجکل توسیع اشاعت اور بقایاجات کی وصولی کیلئے دورہ پر ہیں تمام عہدیداران واحباب جماعت سے بھرپور تعاون کی درخواست ہے۔

(مینیجر روزنامہ الفضل)

## داخلہ مدرسۃ الظفر

### (معلمین کلاس)

۞ ایسے احمدی نوجوان جو اپنی زندگی وقف کر کے مدرسۃ الظفر میں داخلہ کے خواہشمند ہیں وہ اپنی درخواست والد/ سرپرست کے دستخط اور مقامی جماعت کے صدر صاحب/ امیر صاحب کی تصدیق کے ساتھ نظامت ارشاد وقف جدید ربوہ کو ارسال کریں۔ مدرسۃ الظفر ربوہ میں داخلہ کیلئے تحریری ٹیسٹ اور انٹرویو میٹرک کے نتیجہ کے بعد ہوگا۔معین تاریخ کا اعلان روزنامہ الفضل میں کر دیا جائے گا۔

**شرائط برائے داخلہ مدرسۃ الظفر**

☆ امیدوار کا کم از کم میٹرک پاس ہونا ضروری ہے۔

☆ میٹرک پاس امیدوار کی عمر زیادہ سے زیادہ 20 سال جبکہ انٹرمیڈیٹ کیلئے 22 سال ہے۔

امیدوار قرآن کریم ناظرہ صحت تلفظ کے ساتھ پڑھنا جانتا ہو۔

☆ مقامی جماعت کے صدر صاحب/ امیر صاحب کی سفارش امیدوار کے حق میں ہو۔

☆ امیدوار کا تحریری ٹیسٹ اور انٹرویو میں کامیاب ہونا ضروری ہے۔

☆ امیدوار کی طبی رپورٹ کا تسلی بخش ہونا بھی ضروری ہے۔

**ہدایات**

امیدوار اپنی درخواست سادہ کاغذ پر اپنے ہاتھ سے لکھ کر نظامت ارشاد وقف جدید ربوہ کو بھجوائے۔

درخواست میں اپنا نام، ولدیت، تاریخ پیدائش، تعلیم، مکمل پتہ اور اگر واقف نو ہے تو حوالہ نمبر ضرور تحریر کرے۔درخواست کے ساتھ ایک عدد پاسپورٹ سائز تصویر بھی بھجوائیں۔

قرآن کریم ناظرہ صحت تلفظ کے ساتھ پڑھنے کو یقینی بنائیں۔ روزانہ قرآن کریم کی تلاوت کرتے رہیں۔عربی اور انگریزی کے معیار نیز دینی معلومات اور معلومات عامہ کو بہتر بنائیں۔کتب سیرت النبیؐ، سیرت حضرت مسیح موعود، مختصر تاریخ احمدیت، کامیابی کی راہیں، دینی معلومات شائع کردہ مجلس خدام الاحمدیہ نیز روزنامہ الفضل اور جماعتی رسالہ جات کا مطالعہ کرتے رہیں۔

انٹرویو کے وقت میٹرک/انٹرمیڈیٹ کی اصل سند/رزلٹ کارڈ ساتھ لائیں۔

مزید معلومات کیلئے مندرجہ ذیل فون نمبروں پر رابطہ کیا جا سکتا ہے۔

فون نمبر: 047-6212368

فیکس نمبر: 047-6211010

(ناظم ارشاد وقف جدید)

عجائبات عالم

# وکٹوریہ آبشار

## افریقہ کی سب سے بڑی آبشار

دریائے زمبیزی پر واقع وکٹوریہ آبشار براعظم افریقہ کی سب سے عظیم آبشار ہے۔ یہ آبشار ایک قابل دید نظارہ پیش کرتی ہے۔ وکٹوریہ آبشار کی اونچائی 256 فٹ (78 میٹر) تک ہے۔ دریائے زمبیزی جو اس آبشار کا منبع ہے۔ آبشار کے مقام پر ایک میل کے قریب چوڑا ہے۔ یہ آبشار زیمبیا اور زمبابوے کے ممالک میں تقسیم ہے۔ 1855ء میں برطانیہ کے مشہور سیاح ڈیوڈ لیونگ سٹون نے اسے دریافت کیا اور اپنی ملکہ کے اعزاز میں اس کا نام وکٹوریہ آبشار رکھا۔ افریقہ کے اصلی باشندے اس آبشار کو دیوتا مانتے اس کی پوجا کرتے اور جانوروں کو اس کی بھینٹ چڑھاتے تھے۔ اس علاقے کے لوگوں نے اس آبشار کو Smoke That Thumdess کا نام بھی دیا۔ آبشار پر ایک چھوٹا ہائیڈروالیکٹرک پلانٹ بھی لگایا گیا جو چھوٹے پیمانے پر بجلی پیدا کرتا ہے۔

وکٹوریہ آبشار کے تیزی سے گرنے سے جو دھند پیدا ہوتی ہے اسے بادلوں کی شکل میں 60 کلومیٹر کے فاصلے سے بھی دیکھا جاسکتا ہے۔ جیسے جیسے آبشار کے قریب جائیں ایک ایسی بھیانک گونج کی آواز کانوں میں پڑتی ہے کہ کانوں کے پردے پھٹنے لگتے ہیں۔ وکٹوریہ آبشار کے پانی کو دیگر آبشاروں کے پانی کی طرح کسی تالاب میں جمع نہیں کیا جاتا بلکہ ایک گہری اور تنگ زمین کی درز میں ڈالا جاتا ہے جو دریائے زمبیزی کے ساتھ ساتھ 5 ہزار 533 فٹ تک وسیع ہو جاتی ہے اور یہی اس دریا کا سب سے چوڑا حصہ ہے۔ اس درز یا غار کی گہرائی 354 فٹ اور چوڑائی 79 سے 240 فٹ تک ہے۔ اس آبشار میں سب سے زیادہ پانی مارچ اور مئی کے درمیان گرتا ہے۔ یہاں پانی کے گرنے کی رفتار 33 ہزار 176 مکعب فٹ فی سکینڈ تک ہوتی ہے او ریوں پانی گرنے کی سالانہ اوسط رفتار 38 ہزار 846 مکعب فٹ فی سکینڈ ہے۔

مقامی قبیلے ''کالولولازی'' اپنی زبان میں اس آبشار کو ''موسی یوتویانا'' پکارتے ہیں جس کے معنی ہیں Smoke that thunders (گرجدار دھواں) آبشار سے پیدا ہونے والی دھند جب سرد ہوا کے ساتھ ملتی ہے تو آبشار کے اوپر بڑے بڑے بادل بن جاتے ہیں۔ یہ بادل تقریباً ایک ہزار فٹ تک بلند ہوتے ہیں۔ وکٹوریہ آبشار جہاں ختم ہوتی ہے وہ برج کی شکل کا ایک تنگ راستہ ہے یہ تنگ راستہ مشرقی جانب سے 512 میٹر ہے۔ 64 میٹر چوڑا اور 118 میٹر لمبا یہ برج نما راستہ پورے دریائے زمبیزی کو اپنے دامن میں سمیٹ لیتا ہے۔ یہاں سے دریا 45 میل تک نشیب میں جاتا ہے اور بھول بھلیوں کی طرح مختلف راستوں سے گزرتا ہوا زمبیزی کی مشہور عظیم گھاٹی بناتا ہے۔

آبشار کے نزدیک آبی گھاٹی پر 200 میٹر لمبا پل 1905ء میں تعمیر کیا گیا تھا۔ اس پل کے بننے سے آبشار کا نظارہ بہت خوبصورت ہے۔ جب اس پل پر سے ریل گاڑیاں گزرتی ہیں تو ان پر آبشار کی ٹھنڈی پھوار پڑتی ہے۔

# درخواست دعا

مکرم چوہدری عبدالحکیم صاحب محلّہ احمدیہ کھاریاں کچھ عرصہ سے بیمار ہیں۔ احباب جماعت سے شفاء کاملہ وعاجلہ کیلئے درخواست دعا ہے۔

# سانحہ ارتحال

مکرم ملک لطف المنان خان صاحب برانچ مینیجر جے ایس بینک ربوہ تحریر کرتے ہیں۔

خاکسار کی والدہ محترمہ آنسہ صدیقہ صاحبہ زوجہ مکرم ملک عبدالرشید صاحب دہقان فلور ملز فیصل آباد مورخہ 15 مئی 2012ء کو بعمر 59 سال بقضائے الٰہی وفات پا گئیں۔ ان کی نماز جنازہ مکرم شیخ مظفر احمد ظفر صاحب امیر ضلع فیصل آباد نے ان کی رہائش گاہ مدینہ ٹاؤن میں پڑھائی اور گوکھووال قبرستان میں تدفین کے بعد محترم امیر صاحب ضلع فیصل آباد نے ہی دعا کروائی۔ مرحومہ صوم وصلوٰۃ کی پابند، خلافت سے عقیدت رکھنے والی، صدقہ وخیرات کرنے والی، ملنسار اور نرم خو تھیں۔ آپ مکرم ملک عبدالحلیم صاحب لندن مکرم ملک عبدالسبوح صاحب چنوں فلور ملز میاں چنوں اور مکرم ملک عبدالحکیم صاحب مانچسٹر کی بھابھی تھیں۔ آپ حضرت مولوی مہر دین صاحب رفیق حضرت مسیح موعود کے نواسے مکرم ملک مبارک احمد صاحب نواب شاہ کی بڑی بیٹی نیز مکرم ملک مبرور احمد صاحب شہید نواب شاہ اور مکرم ملک محمود احمد صاحب قائد مجلس خدام الاحمدیہ علاقہ سانگھڑ کی بہن تھیں۔ مرحومہ نے پسماندگان میں خاوند کے علاوہ 3 بیٹے خاکسار، مکرم ملک عبدالعلی خان صاحب، مکرم ملک عبدالوکیل خان صاحب اور ایک بیٹی مکرمہ راشدہ عاصمہ صاحبہ زوجہ مکرم ملک عبدالصمد صاحب گلاسگو یوکے یادگار چھوڑی ہیں۔ احباب جماعت سے دعا کی درخواست ہے کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جنت الفردوس میں جگہ عطا فرمائے اور جملہ لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ آمین

# خریداران الفضل متوجہ ہوں!

بیرون از ربوہ خریداران الفضل کو چندہ الفضل ختم ہونے پر جب یاددہانی کی چٹھی ملے تو چندہ کی ادائیگی کی طرف توجہ فرمائیں اور نمائندہ مینیجر الفضل کا انتظار نہ کریں۔

(مینیجر روزنامہ الفضل)

# ضرورت۔ حفاظتی عملہ

دارالذکر اور لاہور میں واقع دیگر بیوت کیلئے فوری ضرورت کے تحت، سیکیورٹی گارڈز متعین کرنا مقصود ہیں۔ ایسے احباب جو دفاعی شعبہ جات سے پنشن یافتہ ہوں یا دیگر سول آرمڈ فورسز میں ملازمت کر چکے ہوں اور درج ذیل شرائط کے حامل ہوں اپنی درخواست امیر ضلع / صدر صاحب کی تصدیق کے ساتھ نیچے دیئے گئے پتہ پر ارسال کریں۔ عمر پچاس سال سے کم ہو۔ طبی / جسمانی طور پر صحت مند ہوں، ڈسچارج کے وقت چلن مثالی ہو، ذاتی ہتھیاروں کے استعمال پر عبور ہو، معقول تنخواہ، مناسب رہائشی سہولت، قواعد کے تحت رخصت کی سہولت اور کھانا مہیا کیا جائے گا۔

ایڈمنسٹریٹر دارالذکر 115/A علامہ اقبال روڈ لاہور

فون: 042-36302940

موبائل 0300-4708344

(امیر جماعت احمدیہ ضلع لاہور)

# ضرورت سیکیورٹی گارڈز

(فضل عمر ہسپتال ربوہ)

فضل عمر ہسپتال ربوہ میں سیکیورٹی گارڈز کی فوری ضرورت ہے۔ خواہشمند حضرات اپنی درخواستیں صدر صاحب حلقہ / امیر صاحب جماعت کی تصدیق سے بنام ایڈمنسٹریٹر فضل عمر ہسپتال ربوہ جلد روانہ کریں۔ ریٹائرڈ فوجی اور اسلحہ کا لائسنس رکھنے والوں کو ترجیح دی جائے گی۔ درخواست دہندہ کی عمر 45 سال سے زائد نہ ہو۔ تعلیم میٹرک ہو۔ درخواست پر فوری رابطہ کیلئے فون نمبر ضرور لکھیں۔ مزید معلومات کیلئے ایڈمنسٹریشن آفس سے فون: 047-6215646 پر رابطہ کر سکتے ہیں۔

(ایڈمنسٹریٹر فضل عمر ہسپتال ربوہ)

گاڑی برائے فروخت
سوزوکی پک اَپ چیمبر (فور سٹروک)
رابطہ: 0347-7522965

ربوہ میں طلوع وغروب 21 مئی

| | |
|---|---|
| طلوع فجر | 3:39 |
| طلوع آفتاب | 5:06 |
| زوال آفتاب | 12:05 |
| غروب آفتاب | 7:04 |

نوزائیدہ اور شیرخوار بچوں کے امراض
الحمید ہومیو کلینک اینڈ سٹورز
ہومیو فزیشن ڈاکٹر عبدالحمید صابر (ایم۔اے)
عمر مارکیٹ نزد اقصیٰ چوک ربوہ فون: 0344-7801578

آندرے آس لینگوئج انسٹیٹیوٹ
جرمن زبان سیکھیے
گوئٹے انسٹیٹیوٹ سے سند یافتہ ٹیچر
اور اب لاہور کراچی ٹیسٹ کی تیاری کیلئے بھی تشریف لائیں۔
(1) کورس دو ماہ -/5000 ماہانہ (2) کورس تین ماہ -/6000 ماہانہ (3) صرف تیاری ٹیسٹ ایک ماہ -/5000
ایئر کنڈیشنر کی سہولت موجود ہے
برائے رابطہ: طارق شبیر دارالرحمت غربی ربوہ
03336715543, 03007702423, 0476213372

چلتے پھرتے بروکروں سے سیمپل اور ریٹ لیں۔
وہی ورائٹی ہم سے 50 پیسے یا 1 روپیہ کم ریٹ میں لیں
گنیا (معیاری پیمائش) کی گارنٹی کے ساتھ
ہماری خواہش ہے کہ آپ کی لاعلمی کی وجہ سے کوئی ناجائز فائدہ نہ اٹھا سکے۔
اظہر ماربل فیکٹری
15/5 باب الابواب درہ سٹاپ ربوہ
فون فیکٹری: 6215713 گھر: 6215219
پروپرائٹر: رانا محمود احمد موبائل: 0332-7063013

Tayyab Ahmad
Express Center Incharge
0321-4738874
First Flight Express (Regd.)
INTERNATIONAL COURIERS & CARGO SERVICES
DHL VIA DUBAI
Lahore:
Al-Riaz Nursery D-Block Faisal Town
Main Peco Road Lahore.Pakistan
PH:0092 42 35167717, 37038097
Fax:0092 42 35167717
35175887

FR-10